میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ پاکستان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

حزب التحریر
HIZB UT TAHRIR

نمبر:PN18035 20/05/2018 اتوار،4رمضان،1439ھ

پاکستان آرمی کو الاقصیٰ کی آزادی کے لیے حرکت میں لانے کے لیے حزب التحریر ولایہ پاکستان کے مظاہرے:

الاقصیٰ اور فلسطین اقوام متحدہ، اسلامی تنظیم اور مذمتی قراردادوں سے نہیں بلکہ خلافت تلے منظم جہاد سے آزاد ہوں گے

حزب التحریر ولایہ پاکستان نے الاقصیٰ اور فلسطین کی آزادی کے لیے پاکستان کے بڑے شہروں میں مظاہرے کیے۔ مظاہرین نے بینرز اور کتبے اٹھارکھے تھے جن پر تحریر تھا: **"پاک فوج حرکت میں آؤ، فلسطین کو آزاد کراؤ"** اور **"اقوام متحدہ، عرب یا اسلامی لیگ کی قراردادیں نہیں، صرف خلافت تلے منظم جہاد فلسطین کو آزاد کرائے گا"۔**

خلافت کے انہدام کے بعد مسلم علاقوں میں بننے والی قومی حکومتوں نے کبھی بھی الاقصیٰ اور فلسطین کی آزادی کے لیے سنجیدہ اور مخلصانہ کوشش نہیں کی بلکہ ہر سانحے کے بعد ان قومی حکومتوں کے حکمران امت کے شدید غصے کو ٹھنڈا کرنے کے لیے عرب یا اسلامی لیگ کے نام پر جمع ہو کر یہودی وجود کے خلاف مذمتی قرارداد کی منظوری اور بین الاقوامی برادری اور اقوام متحدہ سے کردار ادا کرنے کا مطالبہ کر کے منتشر ہو جاتے ہیں۔ امت نے جب کبھی ان حکمرانوں سے مسلم افواج کو حرکت میں لانے کا مطالبہ کیا تو انہوں نے معاشی و فوجی کمزوری کے بہانے پیش کیے لیکن مغربی طاقتوں کے مفادات کی نگہبانی کے لیے اقوامِ متحدہ کے جھنڈے تلے دنیا کے کسی بھی کونے میں مسلم افواج کو بھیجنے پر یہ حکمران ہمیشہ تیار رہتے ہیں اور افواج بھیجتے بھی ہیں۔ آج بھی پاکستان، ایران، سعودی عرب اور ترکی بالترتیب پاکستان کے قبائلی علاقوں، شام، یمن اور کرد مسلمانوں سے لڑنے کے لیے افواج کو حرکت میں لاتے ہیں اور اپنے ہی وسائل سے اربوں ڈالر خرچ بھی کرتے ہیں۔

الاقصیٰ اور فلسطین پہلے بھی خلافت اور اس کی افواج نے ہی آزاد کرائے تھے اور ان کی حفاظت کی تھی اور اب بھی ان کی آزادی خلافت تلے مسلم افواج کے منظم جہاد سے ہی ہو گی لیکن اس کے لیے پہلے نبوت کے طریقے پر خلافت کے قیام کی ضرورت ہے۔ اس لیے پاکستان کے مسلمانوں کو چاہیے کہ وہ پاکستان کو نبوت کے طریقے پر خلافت کے قیام کے لیے نقطہ آغاز بنائیں اور پوری مسلم دنیا کے علاقوں، وسائل اور افواج کو اس کے جھنڈے تلے یکجا کریں۔ اس کے بعد خلافت مسلم افواج کو فلسطین کی آزادی کے لیے حرکت میں لائے گی اور اُس عظیم شان فوج کا حرکت میں آنا ہی یہودی وجود کے خاتمے کا باعث بن جائے گا۔

لَأَنتُمْ أَشَدُّ رَهْبَةً فِي صُدُورِهِم مِّنَ اللَّهِ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُونَ

"(مسلمانو) تمہاری ہیبت ان کے دلوں میں اللہ سے بھی بڑھ کر ہے اس لیے کہ یہ بے سمجھ لوگ ہیں" (الحشر:13)

ولایہ پاکستان میں حزب التحریر کا میڈیا آفس

ویب: www.hizb-pakistan.com http://HizbPK.page.tl یوٹیوب: http://YouTube.com/HTmediaPAK
ای میل: HTmediaPAK@gmail.com فیس بک: https://Facebook.com/HTmediaPAK
ٹویٹر: http://Twitter.com/HTmediaPAK ڈیلی موشن: https://DailyMotion.com/HTmediaPAK
حزب التحریر آفیشل ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.org
ویب پیج آفس حزب التحریر میڈیا: http://www.hizb-ut-tahrir.info